مطبوعات

قادیانیت بزبان انگریزی | تالیف: مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ۔ ترجمہ: جناب ظفر اسحاق انصاری صاحب۔ شائع کردہ: مجلس تحقیقات و نشریاتِ اسلام ندوۃ العلماء لکھنؤ (بھارت)۔ قیمت ساڑھے پانچ روپے۔ صفحات ۱۵۳۔

اس قابل قدر کتاب پر ترجمان القرآن میں پہلے تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کا انگریزی ترجمہ ہے۔ فاضل مترجم نے بڑی محنت اور کاوش سے اسے انگریزی میں منتقل کیا ہے۔ اس کتاب کو مغربی ممالک میں زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ جو لوگ اسلام سے دلچسپی رکھتے ہیں انہیں قادیانیت کی حقیقت معلوم ہو سکے اور وہ کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو کر اسے اسلام ہی کا ایک فرقہ نہ سمجھتے رہیں۔ طباعت کا معیار گوارا ہے لیکن اگر یہ معیار اس سے بلند ہوتا تو اچھا تھا۔ پاکستان میں یہ کتاب کہاں سے مل سکتی ہے اس کے متعلق کچھ معلوم نہیں۔

علم جدید کا چیلنج | تالیف۔ جناب وحید الدین خاں صاحب۔ رفیق مجلس تحقیقات و نشریاتِ اسلام۔ شائع کردہ: مجلس تحقیقات و نشریات اسلام ندوۃ العلماء لکھنؤ (بھارت)۔ قیمت ۵ روپے۔ صفحات ۲۹۸۔

جاہلیت نہ تو ایک راہ سے آتی ہے اور نہ ایک انداز کی تاریکی پھیلاتی ہے۔ اس کے آنے کے متعدد راستے ہیں اور اس کے تاریک سایے مختلف صورتوں میں پھیلتے ہیں۔ اس بنا پر دین کے خادموں کے لیے یہ ضروری ہے کہ جاہلیت کا مقابلہ کرنے کے لیے سب سے پہلے اس کا مزاج اور اس کے عناصرِ ترکیبی اور اس کے حملہ کرنے کے انداز اور طریقوں کو اچھی طرح سمجھیں علم الکلام